https://www.jmi.ac.in

دفتر افسر اعلیٰ تعلقات عامہ

جامعہ ملیہ اسلامیہ

پریس ریلیز

# اتر پردیش اور دہلی چیمپئن شپ دو ہزار چھبیس میں جامعہ کے شوٹنگ کے کھلاڑیوں کا شان دار مظاہرہ، کئی تمغے جیتے

New Delhi, July 13, 2026

جامعہ ملیہ اسلامیہ نے کھیلوں کے میدان میں عمدہ کارکردگی کے عزم کا اعادہ کیا ہے؛ اس کے شوٹنگ کے کھلاڑیوں نے یو پی اسٹیٹ چیمپئن شپ دو ہزار چھبیس اور دہلی اسٹیٹ چیمپئن شپ دو ہزار چھبیس میں انتہائی سخت مقابلے میں شاندار مظاہرہ کرتے ہوئے الگ الگ ایونٹ میں متعدد تمغے جیتے۔

بی اے (آنرز) ہندی، سال سوم کے طالب علم اور جامعہ کے شوٹنگ کے کھلاڑی عظیم نے نئی دہلی کی ڈاکٹر کرنی سنگھ شوٹنگ رینج میں اکیس تا تیس جون منعقدہ انچاسویں یو پی اسٹیٹ شوٹنگ چیمپئن شپ دو ہزار چھبیس میں طلائی تمغہ (ایونٹ: دس میٹر ایئر پسٹل -سینئر مردوں کی ٹیم)، طلائی تمغہ (ایونٹ: پچاس میٹر فری پسٹل -سینئر مردوں کی ٹیم)، چاندی تمغہ (ایونٹ: پچاس میٹر فری پسٹل -سینئر مرد انفرادی) اور کانسے کا تمغہ (ایونٹ: دس میٹر ایئر پسٹل -سینئر مرد انفرادی) حاصل کیے۔

اسی طرح، کمپیوٹر انجینئر نگ میں ڈپلومہ کے سال سوم کے طالب علم آغا شیر خان نے نئی دہلی کی ڈاکٹر کرنی سنگھ شوٹنگ رینج میں تیرہ تا انیس جون دو ہزار چھبیس کو منعقدہ اکتالیسویں دہلی اسٹیٹ شوٹنگ چیمپئن شپ دو ہزار چھبیس میں کانسے کا تمغہ (ایونٹ: دس میٹر پسٹل - جونیئر مرد انفرادی) جیتا۔

کمپیوٹر انجینئر نگ میں ڈپلومہ کے تیسرے سال کے طالب علم، آغا شیر خان نے تیرہ تا انیس جون دو ہزار چھبیس میں ڈاکٹر کرنی سنگھ شوٹنگ رینج، نئی دہلی میں منعقدہ اکتالیسویں دہلی اسٹیٹ شوٹنگ چیمپئن شپ دو ہزار چھبیس میں کانسے کا تمغہ (ایونٹ: دس میٹر پسٹل - جونیئر مرد انفرادی) جیتا۔

تمغہ جیتنے والوں کو مبارکباد دیتے ہوئے، عزت مآب پروفیسر مظہر آصف شیخ الجامعہ، جامعہ ملیہ اسلامیہ نے کہا ''ہمارے شوٹنگ کھلاڑیوں کی شاندار کامیابیاں یونیورسٹی کے لیے انتہائی فخر کا باعث ہیں۔ ان کی کامیابی ان کی ثابت قدمی، خود پر قابو اور سخت تربیت کا نتیجہ ہے۔ چونکہ وہ مقابلوں کی اعلیٰ سطحوں پر یونیورسٹی کی نمائندگی کر رہے ہیں، اس لیے میں ان کی مسلسل کامیابی کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کرتا ہوں۔''

پروفیسر محمد مہتاب عالم رضوی، مسجل، جامعہ ملیہ اسلامیہ نے طلبہ کی شاندار کارکردگی کو سراہتے ہوئے کہا ''یہ کامیابیاں ہمارے طلبہ کی محنت، لگن اور مسابقتی جذبے کی اجاگر کرتی ہیں۔ یونیورسٹی ایک ایسا سازگار ماحول فراہم کرنے کے تئیں پر عزم ہے جو طلبہ کی تعلیمی اور کھیل کی صلاحیتوں کو پروان چڑھائے۔ میں تمغہ جیتنے والوں کو ان کے مستقبل کے مقابلوں کے لیے دلی مبارک باد دیتا ہوں اور انہیں نیک خواہشات پیش کرتا ہوں۔''

جامعہ ملیہ اسلامیہ میں گیم اینڈ اسپورٹس کے اعزازی ڈائریکٹر پروفیسر نفیس احمد نے بھی اس موقع پر کھلاڑیوں کو مبارک باد دیتے ہوئے کہا کہ ''ہمارے کھلاڑیوں نے اپنی شاندار کارکردگی سے یونیورسٹی کا نام روشن کیا ہے۔ ان کی کامیابیاں جامعہ ملیہ اسلامیہ میں کھیل کے خواہشمند طلبہ کے لیے باعث تحریک بنیں گی۔ مجھے یقین ہے کہ وہ آنے والے برسوں میں بھی یونیورسٹی کا سر فخر سے بلند کرتے رہیں گے اور ادارے کی نیک نامی کا سبب بنیں گے''۔

پروفیسر صائمہ سعید
افسر اعلی، تعلقات عامہ
جامعہ ملیہ اسلامیہ

D w

. ihleD w

" . ssecc